## الطاف حسین کی 56ویں سالگرہ 17 ستمبر کو ملک بھر میں جوش خروش کے ساتھ منائی جائے گی

## کراچی کے مختلف سیکٹروں، اندرون سندھ کے تمام زونوں کے علاوہ آزاد کشمیر، گلگت بلتستان، صوبہ پختونخواہ، صوبہ بلوچستان اور صوبہ پنجاب میں بھی سالگرہ کے اجتماعات منعقد کئے جائیں گے

## 16 ستمبر کی شب 12 بجے نائن زیرو پر کارکنان الطاف حسین سے اپنے عہد وفا کی تجدید کریں گے

## ملک بھر کے اسپتالوں میں زیر علاج مریضوں کو پھل اور پھول پیش کئے جائیں گے

## 23 ستمبر کو عزیز آباد جناح گروانڈ میں جنرل ورکرز اجلاس منعقد کیا جائے گا جس سے الطاف حسین خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔15/ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی 56ویں سالگرہ 17 ستمبر کو کراچی سمیت ملک بھر میں انتہائی عقیدت واحترام اور جوش خروش کے ساتھ منائی جائے گی۔اس سلسلے میں سالگرہ کا مرکزی اجتماع ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں منعقد ہوگا۔جبکہ کراچی کے مختلف سیکٹروں، اندرون سندھ کے تمام زونوں کے علاوہ آزاد کشمیر، گلگت بلتستان، صوبہ پختونخواہ، صوبہ بلوچستان اور صوبہ پنجاب میں بھی سالگرہ کے اجتماعات منعقد کئے جائیں گے۔ جناب الطاف حسین کی سالگرہ کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سالگرہ کی تقریبات کو حتمی شکل دیدی ہے۔اس سلسلے میں 16 ستمبر بروز بدھ کی شب ٹھیک 12 بجے جناب الطاف حسین کی رہائش گاہ نائن زیرو پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست عوامی نمائندے، ایم کیو ایم کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران اور کارکنان جناب الطاف حسین سے اپنے عہد وفا کی تجدید کریں گے۔ 17، ستمبر کی صبح عزیز آباد میں جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وعافیت کے لئے بکروں کا صدقہ دیا جائے گا اور ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران اورکارکنان کے ہمراہ جناب الطاف حسین کی سالگرہ کا کیک کاٹیں گے۔اسی طرح کراچی میں ایم کیو ایم کے تمام سیکٹروں کے کارکنان اپنے اپنے علاقوں میں جناب الطاف حسین کی سالگرہ کا کیک کاٹیں گے۔17، ستمبر کو ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست ارکان سینیٹ، قومی وصوبائی اسمبلی کی جانب سے شہر کے مختلف اسپتالوں کا دورہ کرکے جناب الطاف حسین کی جانب سے مریضوں کی عیادت کی جائے گی اور انہیں پھل اور پھول پیش کئے جائیں گے جبکہ جیلوں میں اسیروں کو مٹھائی اور کھانا بھی پیش کیا جائے گا۔کراچی کی طرح اندرون سندھ کے تمام شہروں میں ایم کیو ایم کی زونل کمیٹیوں، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان، صوبہ پختونخواہ، صوبہ بلوچستان اور صوبہ پنجاب میں ایم کیو ایم کی صوبائی کمیٹیوں کی جانب سے بھی جناب الطاف حسین کی سالگرہ کے کیک کاٹے جائیں گے اور مقامی اسپتالوں میں زیر علاج مریضوں کو پھل اور پھول پیش کئے جائیں گے۔واضح رہے کہ ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے 17 ستمبر کو رمضان المبارک کی 27ویں شب ہونے کے باعث کوئی مرکزی پروگرام ترتیب نہیں دیا ہے تاہم مورخہ 23 ستمبر کو عزیز آباد کے جناح گروانڈ میں جناب الطاف حسین کی 56ویں سالگرہ کے سلسلے میں جنرل ورکرز اجلاس منعقد کیا جائے گا جس سے جناب الطاف حسین خطاب کریں گے۔

## الطاف حسین کی 56ویں سالگرہ کے سلسلے میں ایم کیو ایم نواب شاہ زون کے تحت تھیلیسیمیا کے مریضوں کیلئے خون کے عطیات دیئے جائیں گے

کراچی۔۔۔15/ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ قائد جناب الطاف حسین کی 56ویں سالگرہ کے موقع پر ایم کیو ایم نواب شاہ زون کے تحت تھیلیسیمیا کے مریضوں کیلئے خون کے عطیات دیئے جائیں گے۔اس سلسلے میں نواب شاہ میں تھیلیسیمیا کیئر سینٹر کے تحت بلڈ بنک قائم کیا جائے گا جہاں ایم کیو ایم کے کارکنان جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت ومحبت کا مظاہرہ کریں گے اور سالگرہ کی دیگر تقریبات کے انعقاد کے علاوہ تھیلیسیمیا کے مریضوں کیلئے اپنے خون کے عطیات دیں گے۔

## شیریں جناح کالونی میں آئل فیلڈ پر حملہ کی سازش کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے،، رابطہ کمیٹی

## پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداراں کے اہلکاروں نے آئل فیلڈ کو تباہ کرنے کا خوفناک منصوبہ ناکام بنادیا

## الطاف حسین گزشتہ کئی ماہ سے کراچی میں انتہا پسند دہشت گردوں کی موجودگی کے خطرے سے آگاہ کرتے رہے ہیں

کراچی ۔۔۔15ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے علاقے شیریں جناح کالونی میں انتہاء پسند دہشت گردوں کی جانب سے آئل فیلڈ پر حملے کی سازش پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوراسے کراچی کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ پیر کی شب طالبان کے دہشت گردوں نے شیریں جناح کالونی میں آئل فیلڈ کے قریب جدید ہتھیاروں سے حملہ کردیا جس کے نتیجے میں ایک سیکوریٹی گارڈ جاں بحق ہوگیا۔یہ دہشت گرد دراصل آئل فیلڈ پر حملہ کرنا چاہتے تھے تاہم پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداراں کے اہلکاروں نے جرات مندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے آئل فیلڈ کو تباہ کرنے اور شہر کا امن غارت کرنے کا خوفناک منصوبہ ناکام بنادیا اور انتہاء پسند دہشت گرد جدید اسلحہ اور دستی بم چھوڑ کر فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔اگر مسلح دہشت گرد اپنی گھناؤنی سازش میں کامیاب ہوجاتے تو اس سے کراچی میں بہت بڑی تباہی ہوسکتی تھی۔رابطہ کمیٹی نے مزید کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین گزشتہ کئی ماہ سے تسلسل کے ساتھ عوام کو کراچی میں طالبا نائزیشن اور انتہا پسند دہشت گردوں کی موجودگی کے خطرے سے آگاہ کرتے رہے ہیں تاہم حکومت ،انتظامیہ ،سیاسی رہنماؤں اور تجزیہ نگاروں کی جانب سے جناب الطاف حسین کے خدشات کو واویلا قرار دیکر عوام کو گمراہ کیا جاتا رہا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی کے مختلف علاقوں سے طالبان کے دہشت گردوں کی بھاری اسلحہ سمیت گرفتاری کے مسلسل واقعات اور آئل فیلڈ تباہ کرنے کی ناکام کوشش اس بات کا کھلا ثبوت ہے کہ صوبہ سندھ اور اس کے دارالخلافہ کراچی میں طالبانائزیشن کے حوالہ سے جناب الطاف حسین خدشات درست تھے اور جو عناصر جناب الطاف حسین کے خدشات کو واویلا قرار دے رہے تھے وہ دراصل عوام کو گمراہ کررہے تھے۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری ،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی ،وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک ،گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد ،وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ شیریں جناح کالونی میں آئل فیلڈ پر حملہ کی سازش کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے ،کراچی میں طالبان کے دہشت گردوں کی منفی سرگرمیوں پر کڑی نگاہ رکھی جائے ،قومی تنصیبات اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔رابطہ کمیٹی نے انتہاء پسند دہشت گردوں کی فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے سیکیوریٹی کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور آئل فیلڈ کو تباہ کرنے کی سازش کو ناکام بنانے پر پولیس وانتظامیہ کے افسران واہلکاروں کو خراج تحسین پیش کیا۔

## غریب اور متوسط طبقہ کو درپیش مسائل کو صرف ایم کیوایم ہی حل کرسکتی ہے۔سلیم شہزاد

## تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں جاگیرداروں اور وڈیروں پر مشتمل ہیں جو غریب عوام کے مسائل سے ناواقف ہیں

## ایم کیوایم یوکے کے زیراہتمام ایسٹ لندن میں منعقدہ افطار پارٹی سے خطاب

لندن ۔۔۔15 ستمبر 2009ء... متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور سابق رکن قومی اسمبلی سلیم شہزاد نے کہا ہے کہ پاکستان کے غریب اور متوسط طبقہ کو درپیش مسائل کو صرف ایم کیوایم ہی حل کرسکتی ہے کیونکہ ایم کیوایم ملک کی واحد جماعت ہے جو غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھتی ہے۔انہوں نے یہ بات ایم کیوایم یوکے کے زیراہتمام ایسٹ لندن میں منعقدہ افطار پارٹی سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔افطار پارٹی میں ایم کیوایم یوکے کے کارکنوں اور مشرقی لندن میں مقیم پاکستانیوں نے شرکت کی۔سلیم شہزاد نے کہا کہ بدقسمتی سے پاکستان میں موجود تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں جاگیرداروں اور وڈیروں پر مشتمل ہیں جو غریب عوام کے مسائل سے ناواقف ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت اور اپوزیشن میں شامل جاگیردار وڈیرے جن کی شوگر اور فلور ملز ہیں جو اپنے مالی مفادات کیلئے آٹے اور چینی کی ذخیرہ اندوزی کررہے ہیں جس کی وجہ سے آج ملک بھر کے عوام چینی اور آٹے سے محروم ہیں۔انہوں نے کہا کہ غریب ومتوسط طبقہ کے مسائل وہی سمجھ سکتا ہے جس نے خود مسائل کا سامنا کیا ہو۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک کی واحد جماعت ہے جس کی قیادت غریب اور متوسط طبقہ سے تعلق رکھتی ہے اور اس کی صفوں میں کوئی بھی جاگیردار وڈیرہ شامل نہیں ہے اور وہی ملک کے غریب عوام کے مسائل کو حل کرسکتی ہے۔سلیم شہزاد نے کہا کہ مذہبی انتہا پسند عناصر نے اپنی پرتشدد کارروائیوں کی وجہ سے آج پوری دنیا میں پاکستان اور اسلام کو بدنام کردیا ہے اور اسلام جو کہ ایک امن پسند مذہب ہے اس کے امیج کو خراب کیا ہے۔انہوں نے برطانیہ میں آباد پاکستانیوں سے کہا کہ وہ اسلام اور پاکستان کے امیج کو بہتر بنانے کیلئے اعتدال پسند عناصر کے ہاتھ مضبوط کریں۔افطار پارٹی سے ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش اور یوتھ ایڈوائزری کونسل کے چیئرمین علی راشد نے بھی خطاب کیا۔

## لینڈ ریفارمز کے ذریعے بنجر زمینیں غریب ہاری، کسانوں میں تقسیم کی جائیں، وسیم اختر نجی ٹی وی چینل پر بات چیت

کراچی۔۔۔15، ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر نے کہا ہے کہ لینڈ ریفارمز کے ذریعے بنجر زمینیں غریب ہاری، کسانوں میں تقسیم کی جائیں تاکہ وہ اس پر کاشت کر سکیں اور ملک کی معیشت کو سہارا مل سکے۔ یہ بات انہوں نے نجی ٹی وی سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کو زمین لیز پر دینے کے حوالے سے اخبارات میں پڑھا ہے اگر ایسی کوئی تجویز ہے تو سب سے پہلے کابینہ اور اتحادی جماعتوں کو اعتماد میں لینا چاہئے۔ جب تک اتحادی جماعتوں اور کابینہ کو اعتماد میں نہیں لیا جاتا میں نہیں سمجھتا اس کے مثبت اثرات ہوں گے، پاکستان میں یہ پہلا تجربہ ہے کہ کسی صوبے کی زمین کسی دوسرے ملک کو لیز پر دی جارہی ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ملک وقوم کی بہتری کیلئے اگر کوئی اقدام ہوگا تو ہم اس کی حمایت کریں گے مگر اس کیلئے لازمی ہے کہ وہ اقدام ملک وقوم کی بہتری کیلئے ہی ہو۔ انہوں نے کہا کہ اگر سندھ کی زمین کی بات آرہی ہے تو حکومت کیلئے لازمی ہوگا کہ وہ اتحادی جماعتوں کو اعتماد میں لے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ سعودی عرب ہمیں کبھی بھی ایسا نہیں کرنے دیگا کہ وہ اپنی زمین ہمیں لیز پر دے۔ حکومت اگر یہ سمجھتی ہے کہ زمین بنجر پڑی ہے تو لینڈ ریفارمز ہونے دیا جائے ہزاروں ایکٹرز مین جاگیرداروں کے پاس پڑی ہے وہ عوام اور غریب کسانوں میں بانٹ دی جائیں۔ عوام کو زمین بانٹی جائے تاکہ وہ اناج اگائیں ناکہ باہر کے ممالک کو بلایا جائے اور انہیں اناج اگانے کی پیشکش کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ سب سے پہلے تو یہ تجربہ کریں کہ عوام کو زمین دیں اور وہ اس پر کاشت کریں، ظاہر ہے جو اناج عوام کاشت کریں گے وہ پاکستان میں ہی استعمال ہوگا۔

## کھوڑی گارڈن کے سانحہ کے ذمہ دار بااثر ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے، ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔15/ستمبر 2009ء

حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کراچی کے علاقے کھوڑی گارڈن میں مفت آٹے کی تقسیم کے دوران بھگدڑ کے باعث متعدد خواتین اور بچوں کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس سانحہ کے ذمہ داروں کے خلاف بلاامتیاز وتفریق عملی کارروائی کی جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت اور اپوزیشن میں شامل جاگیردار، وڈیرے اور سرمایہ داروں نے اپنے مالی مفادات کیلئے آٹے اور چینی کی ذخیرہ اندوزی کر کے غریب عوام کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے۔ کھوڑی گارڈن کے علاقے میں پیش آنے والا افسوسناک واقعہ مفاد پرست عناصر کی ذخیرہ اندوزی کا نتیجہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی، قائم مقام گورنر سندھ نثار کھوڑو اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کھوڑی گارڈن میں مفت آٹے کی تقسیم کے دوران متعدد خواتین کے جاں بحق ہونے کے المناک واقعہ کی فوری تحقیقات کرائی جائے اور اس کے ذمہ دار بااثر ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے۔ انہوں نے سانحہ کھوڑی گارڈن میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار بھی کیا

## اے پی ایم ایس تحریک کے مشن ومقصد کو عام کرنے کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کر رہی ہے، حق پرست رکن سندھ اسمبلی فہیم احمد الطافی اور حق پرست سٹی ناظم ضلع میرپورخاص غلام دستگیر، زونل انچارج میرپورخاص عظیم دانش اور چیئرمین اے پی ایم ایس او سیّد وحید الزماں کا افطار ڈنر کے موقع پر خطاب

میرپورخاص:۔۔۔۔15 ستمبر 2009

حق پرست رکن سندھ اسمبلی فہیم احمد الطافی نے کہا ہے کہ اے پی ایم ایس او حق پرستی کی تحریک کے مشن ومقصد کو عام کرنے کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کر رہی ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن میرپورخاص سیکٹر کے زیر اہتمام دعوت افطار سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تقریب سے ڈسٹرکٹ ناظم میرپورخاص غلام دستگیر کمالی، میرپورخاص کے زونل انچارج عظیم دانش اور اے پی ایم ایس او کے چیئرمین وحید الزماں نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر مختلف کالجوں کے اساتذہ، اے پی ایم ایس او کے ذمہ داران، کارکنان بڑی تعداد میں موجود تھے۔ حق پرست رکن سندھ اسمبلی فہیم احمد الطافی نے کہا کہ اے پی ایم ایس او واحد طلبہ تنظیم ہے جس نے ایم کیو ایم جیسی تنظیم کو جنم دیا اور آج ایم کیو ایم پاکستان سمیت دنیا کے مختلف علاقوں میں جانی پہچانی جاتی ہے۔ ڈسٹرکٹ ناظم میرپورخاص غلام دستگیر کمالی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک الطاف

حسین نے زمانے طالب علمی سے غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے طلباء کوزندگی کا بنیادی مقصد سمجھایا اور سیاست میں خدمت کے عمل کو متعارف کرایا۔ میرپورخاص کے زونل انچارج عظیم دانش نے کہا کہ ایم کیوایم اوراے پی ایم ایس او کے کارکنان جناب الطاف حسین کے حق پرستانہ پیغام کو عام کررہے ہیں۔اے پی ایم ایس او کے چیئرمین سید وحید الزماں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او کے کارکنان کا بنیادی کام قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ کو عام کرنا اور تعلیمی اداروں میں تعلیمی امن کو عام کرنا ہے۔انہوں نے کارکنان پرزوردیا کہ وہ قائدتحریک کی تعلیمات کے مطابق تحریکی کام کے ساتھ اپنی تعلیم پربھی بھرپورتوجہ دیں اورتنظیمی لٹریچر کا لازمی مطالعہ کریں۔

## انتہاء پسند دہشت گردعناصر شہر کا امن تباہ کرنے کیلئے گھناؤنی منصوبہ بندی میں مصروف ہیں،ارکان سندھ اسمبلی

## ناظم آباد میں رینجرز کی چوکی پرحملہ اورسعید آباد سے جدید اسلحہ وگولا بارود کی برآمدگی پراظہار تشویش

کراچی ۔۔۔15، ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے انتہاء پسند دہشت گردوں کی جانب سے ناظم آباد 7 نمبر میں رینجرز کی چوکی پرحملہ اورسعید آباد میں پولیس ٹریننگ سینٹر کے قریب وقع نالے سے خودکش جیکٹس ، دستی بم، راکٹ لانچرز کی برآمد پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی جانب سے گزشتہ شب آئل فیلڈ کوتباہ کرنے کی سازش کے بعد ناظم آباد میں رینجرز کی چوکی پرحملہ اورسعید آباد میں پولیس ٹریننگ سینٹر کے قریب نالے سے جدید اسلحہ وگولا بارود کی برآمدگی اس بات کا کھلا ثبوت ہے کہ دہشت گردعناصر اپنی گھناؤنی منصوبہ بندی میں مصروف ہیں اور شہر کا امن تباہ کرنا چاہتے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری اوروزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ شہر میں دہشت گردی کے منصوبوں کا فوری نوٹس لیا جائے ، انتہاء پسند دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کی جائے اورشہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے مثبت اقدامات کئے جائیں۔

☆☆☆☆☆